# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 14 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۴؍جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ریاست کی 12 ضلع پریشدوں اور 125 پنچایت سمیتیوں کے انتخابی پروگرام کا اعلان۔

☆ میونسپل کارپوریشن کے عام انتخابات کی تشہیری مہم ختم - کل کی جائیگی رائے دہی۔

☆ آج ہر طرف مکرسنکرانتی کے تہوار کا جوش وخروش، پتنگ بازی کیلئے نائیلون مانجھا استعمال نہ کرنے کی پولس کی اپیل۔

☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے 32 ویں نام توسیعی دن پر مختلف تقریبات کا انعقاد۔

اور۔۔۔☆ دہلی میں بھارتی اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کا آغاز۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

ریاست کی 12 ضلع پریشدوں اور 125 پنچایت سمیتیوں کے عام انتخابات کے پروگرام کا' کل اعلان کردیا گیا۔ ریاستی الیکشن کمشنر دنیش واگھمارے نے کل ممبئی میں ایک صحافتی کانفرنس میں یہ اعلان کیا۔ ان انتخابات کیلئے رائے دہی 5 فروری کو اور رائے شماری 7 فروری کو ہوگی۔ واگھمارے نے بتایا کہ مراٹھواڑہ کے چھترپتی سمبھاجی نگر، پربھنی، دھاراشیو اور لاتور کے علاوہ ریاست کے پونے، ساتارا، سانگلی، کولہاپور، شولاپور، رتناگری' سندھودُرگ جیسی 12 ضلع پریشدوں اور پنچایت سمیتیوں کیلئے انتخابات ہوں گے۔

انتخابات کے تفصیلی پروگرام کا اعلان کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ کاغذاتِ نامزدگی قبول کرنے کی معیاد 16 جنوری تا 21 جنوری مقرر کی گئی ہے' جبکہ 22 جنوری کو امیدواری پرچوں کی جانچ کی جائیگی' اور 27 جنوری کو دوپہر تین بجے تک امیدواری واپس لی جاسکے گی۔ بعد ازاں اسی دن امیدواروں کی قطعی فہرست شائع کرکے امیدواروں میں انتخابی نشانیاں تقسیم کی جائیں گی۔ انتخابی کمشنر نے مزید بتایا کہ 5 فروری کو صبح ساڑھے سات بجے تا شام ساڑھے پانچ بجے تک رائے دہی کی جائیگی اور 7 فروری کو ووٹوں کی گنتی کے بعد نتائج کا اعلان کیا جائے گا۔

کاغذاتِ نامزدگی ادخال کا عمل آف لائن طریقے سے کیا جائے گا، جبکہ رائے دہی کا عمل الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں پر مکمل کیا جائے گا۔ رائے دہندگان کو ضلع پریشد کیلئے ایک اور پنچایت سمیتی کیلئے ایک ووٹ ڈالنا ہوگا۔

***** ***** *****

ریاست میں میونسپل کارپوریشن انتخابات کی تشہیری مہم کل اختتام پذیر ہوگئی۔ 29 میونسپل کارپوریشنوں کے 893 پربھاگ میں دو ہزار 869 کارپوریٹر عہدوں کیلئے آئندہ کل صبح ساڑھے سات بجے سے شام ساڑھے پانچ بجے کے درمیان رائے دہی کی جائیگی۔

دریں اثناء کل انتخابی تشہیری مہم کے آخری دن تمام سیاسی جماعتوں نے تشہیری مہم پر زور دیا۔ چھترپتی سمبھا جی نگر، جالنہ، پربھنی، لاتور اور ناندیڑ میونسپل حدود میں تمام سیاسی جماعتوں کے امیدواروں سمیت آزاد امیدوار اپنی تشہیر کیلئے زور لگاتے دکھائی دیئے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کے حساس اور انتہائی حساس رائے دہی مراکز سمیت 537 پولنگ مراکز پر ویب کاسٹنگ کیمرے نصب کیے گئے ہیں اور ان تمام مقامات کی نگرانی اسمارٹ سٹی دفتر سے کی جائے گی۔ دریں اثناء پولنگ سینٹرس کے افسران اور عملے میں آج انتخابی ساز وسامان تقسیم کیا جائے گا اور انہیں پولنگ سنٹرز پر روانہ کر دیا جائے گا۔

اسی دوران شہر میں امن وامان کی برقراری کیلئے پولیس انتظامیہ کی جانب سے کل روٹ مارچ نکالا گیا۔ چھترپتی سمبھا جی نگر کے پولس کمشنر پروین پوار نے کہا ہے کہ پولس انتظامیہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی روک تھام کیلئے پوری طرح مستعد ہے‘ انھوں نے شہریوں سے بلا خوف وخطر اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی بھی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

پربھنی میں الیکشن انسپکٹر رتن دیپ گائیکواڑ نے کل شہر کے پولنگ مراکز کا دورہ کر کے وہاں کی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے جانچ ناکوں پر کام سے متعلق معلومات حاصل کر کے ضروری ہدایات جاری کیں۔

***** ***** *****

اشیائے خورد ونوش سمیت دیگر سامان فراہم کرنے والی ای کامرس کمپنیوں نے اندرونِ دس منٹ سامان کی ترسیل کی خدمات بند کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ گیگ ورکرس کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے اور ان کمپنیوں میں برسرِ کار عارضی ملازمین کو کام کیلئے مناسب ماحول پیدا کرنے کے مقصد سے حکومت نے ان کمپنیوں کو ٹین منٹس ڈلیوری سروس کی خدمات بند کرنے کی ہدایت کی ہے۔ متعلقہ خبروں میں بتایا گیا ہے کہ Blinkit کمپنی نے اس فیصلے پر فی الفور عمل درآمد شروع کر دیا ہے۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

سورج کی واپسی اور کھیتوں میں تیار شدہ فصلوں کی کٹائی پر اظہارِ مسرت کیلئے اس وقت ملک بھر میں تہواروں کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ مہاراشٹر میں آج مکرسنکرانت کا تہوار منایا جا رہا ہے۔ تل گُڑ تقسیم کر کے لوگ ایک دوسرے کو مبارکباد دیتے ہیں۔

پنجاب اور ہریانہ میں لوہڑی کا تہوار انگیٹھیاں روشن کر کے اور نغمے گا کر روایتی پکوانوں سے لطف اندوز ہو کر منایا جاتا ہے، جبکہ جنوبی بھارت میں پونگل یعنی کھیر کو صحن میں چولہے پر پکا کر سورج کی نذر کیا جاتا ہے۔ بھارت سمیت گجرات کے کئی حصوں میں اُتّرائین کا تہوار پتنگ اڑا کر منایا جاتا ہے۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو نے اس تہوار پر اہلِ وطن کو مبارکباد دی ہے۔ انھوں نے کہا ہے کہ یہ تہوار ملک کی بھرپور زرعی روایات کی علامت ہے‘ جس سے قومی اتحاد کے جذبے کی عکاسی ہوتی ہے۔

دریں اثناء چھترپتی سمبھا جی نگر کے پولس کمشنر پروین پوار نے پتنگ بازی کے دوران نائلون مانجھے کا استعمال نہ کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ تہوار ضرور منائیں، لیکن اس سے کسی انسان یا چرند وپرند کو ایذا رسانی نہ ہو اس کا خصوصی خیال رکھیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کی ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کا نام توسیع دن آج منایا جارہا ہے۔اس مناسبت سے یونیورسٹی کے احاطے میں بزرگ شاعر پروفیسر فَ. مُ.شندے کے خصوصی لیکچر سمیت مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ہے۔ دریں اثناءاس خصوص میں یونیورسٹی کی جانب جانے والے کچھ راستے آج سبھی قسم کی گاڑیوں کیلئے بند رہیں گے اورانتظامیہ نے شہریوں سے متبادل راستوں کا استعمال کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

عدالتِ عظمیٰ نے آوارہ جانوروں سے متعلق گزشتہ پانچ سالوں میں جاری کردہ رہنما خطوط پر مناسب عمل درآمد نہ ہونے پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔کل اس معاملے کی سماعت کے دوران عدالت نے آوارہ کتے کے کاٹنے پر معاوضے کی ذمہ داری ریاستی حکومت پر ہوگی۔ عدالت نے واضح کیا کہ آوارہ کتوں کو کھانا کھلانے والے لوگوں کو ایسے معاملات کا ذمہ دارٹھہرایا جائے گا۔عدالت گزشتہ سال جولائی سے اس معاملے کی ازخود سماعت کررہی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے گیورائی تعلقے کے رام پوری میں چھ سالہ بچی کے ساتھ جنسی زیادتی کے معاملے میں ملزم کو بیس سال قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ بیڑ سیشن عدالت نے کل یہ فیصلہ سنایا۔سندر تاتیڑ نامی ملزم پر بیس سال قید کے ساتھ دس ہزار روپئے جرمانے کی سزا بھی دی گئی ہے۔

***** ***** *****

لاتور کے جواہر نوودَئے کالج کے دوملازمین کے خلاف ایک نابالغ طالبہ کی موت کے معاملے میں درج فہرست ذات اورقبائل پر(مظالم کی روک تھام) کے قانون کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی ضلع انتظامیہ نے سماجی بہبود محکمے کی جانب سے متاثرہ طالبہ کے اہلِ خانہ کو چار لاکھ روپئے کی امداد منظور کیے جانے کی بھی اطلاع دی ہے۔

***** ***** *****

خواتین کو خصوصی رُخصت کے دوران طبی خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے محکمہ صحت کی جانب سے ایک خصوصی ’’مینو پاز کلینک‘‘ شروع کیا جارہا ہے۔ یہ خصوصی کلینک آج سے ضلع سرکاری اسپتال، ذیلی ضلع اسپتال، میونسپل اسپتال اور منتخب دیہی اسپتالوں میں فعال رہے گا اور ہر بدھ کو اس مرکز سے خواتین کو رہنمائی فراہم کی جائے گی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع ترقیاتی رابطہ اورنگراں کمیٹی - دِشا کا ایک اجلاس کل رکنِ پارلیمان بجرنگ سونونے کی موجودگی میں منعقد ہوا۔انہوں نے ضلعے میں مرکزی حکومت کی اسکیمات کے نفاذ کیلئے تمام سرکاری محکمہ جات میں باہمی تال میل برقرار رکھنے پر زور دیا۔

***** ***** *****

انڈین اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کی کل سے دہلی میں شروعات ہوئی۔ مردوں کے سنگلز میں لکشیہ سین نے آیوش شیٹی کو شکست دی جبکہ ڈبلز میں ایم آر ارجن اور ہری ہرن نے ملائیشیا کی جوڑی کو شکست سے دوچار کیا۔ چراغ شیٹی اور ساتوِک سائی راج رینکی ریڈی اگلے راؤنڈ میں داخل ہوگئے۔خواتین کے زمرے میں گائیتری گوپی چند اور تریشا جالی نے تھائی لینڈ کی جوڑی کو شکست دے کر اگلے راؤنڈ میں رسائی حاصل کی۔ پی وی سندھو، مالویکا بنسوڑ اور کدامبی شری کانت سمیت کئی کھلاڑیوں کے آج کورٹ میں اُترنے کی اطلاع متعلقہ خبروں میں دی گئی ہے۔

***** ***** *****

بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان تین ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچوں کی سیریز کا دوسرا میچ آج راجکوٹ میں کھیلا جائے گا۔ دوپہر ڈیڑھ بجے سے میچ کا آغاز ہوگا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**اورآخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ ریاست کی 12 ضلع پریشدوں اور 125 پنچایت سمیتیوں کے انتخابی پروگرام کا اعلان۔

☆ میونسپل کارپوریشن کے عام انتخابات کی تشہیری مہم ختم -کل کی جائیگی رائے دہی۔

☆ آج ہر طرف مکر سنکرانتی کے تہوار کا جوش وخروش، پتنگ بازی کیلئے نائیلون مانجھا استعمال نہ کرنے کی پولس کی اپیل۔

☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے 32 ویں نام توسیعی دن پر مختلف تقریبات کا انعقاد۔

اور۔۔۔☆ دہلی میں بھارتی اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کا آغاز۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****